روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 14 جون 2008ء 9 جمادی الثانی 1429 ہجری 14 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 134

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ کا ارادہ انبیاء اور اولیاء کی نسبت یہ ہوتا ہے کہ ان کے ہر یک قسم کے اخلاق ظاہر ہوں اور بہ پایۂ ثبوت پہنچ جائیں۔ سو خداتعالیٰ اسی ارادے کو پورا کرنے کی غرض سے ان کی نورانی عمر کو دو حصہ پر منقسم کر دیتا ہے۔ ایک حصہ تنگیوں اور مصیبتوں میں گزرتا ہے اور ہر طرح سے دکھ دیئے جاتے ہیں اور ستائے جاتے ہیں۔ تا وہ اعلیٰ اخلاق ان کے ظاہر ہو جائیں کہ جو بجز سخت تر مصیبتوں کے ہرگز ظاہر اور ثابت نہیں ہو سکتے۔..............

اور دوسرا حصہ انبیاء اور اولیاء کی عمر کا فتح میں، اقبال میں، دولت میں بمرتبۂ کمال ہوتا ہے تا وہ اخلاق ان کے ظاہر ہو جائیں کہ جن کے ظہور کے لئے فتح مند ہونا، صاحب اقبال ہونا، صاحبِ دولت ہونا، صاحب اختیار ہونا، صاحبِ اقتدار ہونا، صاحبِ طاقت ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ اپنے دکھ دینے والوں کے گناہ بخشنا اور اپنے ستانے والوں سے درگزر کرنا اور اپنے دشمنوں سے پیار کرنا اور اپنے بداندیشوں کی خیرخواہی بجالانا۔ دولت سے دل نہ لگانا، دولت سے مغرور نہ ہونا، دولتمندی میں امساک اور بخل اختیار نہ کرنا اور کرم اور جُود اور بخشش کا دروازہ کھولنا اور دولت کو ذریعۂ نفس پروری نہ ٹھہرانا اور حکومت کو آلۂ ظلم و تعدّی نہ بنانا۔ یہ سب اخلاق ایسے ہیں کہ جن کے ثبوت کے لئے صاحبِ دولت اور صاحب طاقت ہونا شرط ہے اور اِسی وقت بہ پایۂ ثبوت پہنچتے ہیں کہ جب انسان کے لئے دولت اور اقتدار دونوں میسر ہوں۔ پس چونکہ بجز زمانۂ مصیبت واد بار و زمانۂ دولت و اقتدار یہ دونوں قسم کے اخلاق ظاہر نہیں ہو سکتے۔ اس لئے حکمت کاملہ ایزدی نے تقاضا کیا کہ انبیاء اور اولیاء کو ان دونوں طور کی حالتوں سے کہ جو ہزارہا نعمتوں پر مشتمل ہیں متمتع کرے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کمال وضاحت سے یہ دونوں حالتیں وارد ہو گئیں اور ایسی ترتیب سے آئیں۔ کہ جس سے تمام اخلاق فاضلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مثل آفتاب کے روشن ہو گئے اور مضمون (......القلم :5) کا بہ پایۂ ثبوت پہنچ گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کا دونوں طور پر علی وجہ الکمال ثابت ہونا تمام انبیاء کے اخلاق کو ثابت کرتا ہے کیونکہ آنجناب نے ان کی نبوت اور ان کی کتابوں کو تصدیق کیا اور ان کا مقرب اللہ ہونا ظاہر کر دیا۔............ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ والوں اور دوسرے لوگوں پر بکلّی فتح پا کر اور ان کو اپنی تلوار کے نیچے دیکھ کر پھر ان کا گناہ بخش دیا۔ اور صرف انہیں چند لوگوں کو سزا دی جن کو سزا دینے کے لئے حضرت احدیت کی طرف سے قطعی حکم وارد ہو چکا تھا۔ اور بجز ان ازلی ملعونوں کے ہر یک دشمن کا گناہ بخش دیا اور فتح پا کر سب کو لاتثریب علیکم الیوم کہا............ اور حقانی صبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جو ایک زمانۂ دراز تک آنجناب نے ان کی سخت سخت ایذاؤں پر کیا تھا۔ آفتاب کی طرح ان کے سامنے روشن ہو گیا۔..........

غرض جود اور سخاوت اور زہد اور قناعت اور مردی اور شجاعت اور محبت الٰہیہ کے متعلق جو جو اخلاق فاضلہ ہیں۔ وہ بھی خداوند کریم نے حضرت خاتم الانبیاء میں ایسے ظاہر کئے کہ جن کی مثل نہ کبھی دنیا میں ظاہر ہوئی اور نہ آئندہ ظاہر ہوگی۔

(براہین احمدیہ چہار حصص۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 277، 291)

یہ میرے بھائی ہیں

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے پوچھا اے لوگو ایمان کے لحاظ سے سب سے عجیب مخلوق کون سی ہے صحابہؓ نے کہا ملائکہ۔ فرمایا۔ ملائکہ کیسے ایمان نہ لائیں جب کہ وہ سارے معاملہ کے عینی شاہد ہیں اس پر صحابہؓ نے کہا نبی تو فرمایا وہ کیسے ایمان نہ لائیں جبکہ ان پر آسمان سے وحی نازل ہوتی ہے اس پر صحابہؓ نے کہا آپؐ کے صحابہؓ تو فرمایا میرے صحابہؓ کیسے ایمان نہ لائیں۔ ایمان کے لحاظ سے عجیب قوم وہ ہے جو میرے بعد آئیں گے اور مجھ پر ایمان لائیں گے اور میری تصدیق کریں گے حالانکہ انہوں نے مجھے نہیں دیکھا ہوگا یہ میرے بھائی ہیں۔

(المعجم الکبیر طبرانی جلد 12 صفحہ 87 حدیث نمبر :12560)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء و طالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری / سیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔
2۔ کالج لیول 12 تا 15 ہزار روپے سالانہ۔
3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء جن کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''امداد طلباء'' میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء نظارت تعلیم)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں)

نمبر 5

سوال: حضور نے اپنی کتاب حمامۃ البشریٰ کب تصنیف فرمائی۔

جواب: فروری 1894ء میں۔

سوال: چاند گرہن کا نشان کب ظاہر ہوا۔

جواب: 21 مارچ 1894ء بمطابق 13 رمضان 1311ھ کو چاند گرہن کا نشان ظاہر ہوا۔

سوال: سورج گرہن کا نشان کب ظاہر ہوا۔

جواب: 6/اپریل 1894ء بمطابق 28 رمضان 1311ھ کو سورج گرہن کا نشان ظاہر ہوا۔

سوال: حضور کی کتاب سر الخلافہ کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: جولائی 1894ء میں۔

سوال: حضور نے دعوت مباہلہ برائے پیشگوئی احمد بیگ و محمدی بیگم کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 6 ستمبر 1894ء کو۔

سوال: حضور نے عبداللہ آتھم کو حق کی طرف رجوع نہ کرنے کی قسم کھانے پر کتنے روپوں کا انعامی چیلنج دیا۔

جواب: حضور نے 9 ستمبر 1894ء کو ایک ہزار روپے کا۔ 20 ستمبر کو 2 ہزار روپے کا۔ 5/اکتوبر کو 3 ہزار اور 27/اکتوبر کو چار ہزار تک کا انعام مقرر فرمایا۔

سوال: حضور کو ''داغ ہجرت'' کا الہام کب ہوا۔

جواب: 18 ستمبر 1894ء کو۔

سوال: حضور کی کتاب انوار الاسلام کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: ستمبر 1894ء میں۔

سوال: حضور نے کس دشمن کے مقطوع النسل ہونے کی پیش گوئی کب فرمائی۔

جواب: سعد اللہ لدھیانوی کے بارہ میں۔ یہ پیش گوئی 29 ستمبر 1894ء کو فرمائی۔

سوال: قادیان میں ضیاء الاسلام پریس اور کتب خانہ کب قائم کیا گیا۔

جواب: 1895ء میں۔

سوال: ضیاء الاسلام پریس سے پہلے کس کتاب کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: مئی 1895ء میں پہلی کتاب ضیاء الحق کی اشاعت ہوئی۔

سوال: حضرت مسیح موعود کے صاحبزادے حضرت مرزا شریف احمد صاحب کی ولادت اور وفات کب ہوئی۔

جواب: ولادت: 24 مئی 1895ء۔ وفات: 26 دسمبر 1961ء۔

سوال: حضور نے اپنی کس کتاب میں یہ تحقیق بیان فرمائی کہ عربی زبان ام الالسنہ (زبانوں کی ماں) ہے۔

جواب: منن الرحمان میں۔

سوال: حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کے سفر کشمیر اور ان کی قبر واقع سری نگر کا انکشاف کب ہوا۔

جواب: 1895ء میں۔

سوال: حضور نے حضرت بابا نانک کے مسلمان ہونے کے تائیدی دلائل کا انکشاف کب فرمایا۔

جواب: 15 جون 1895ء کو۔

سوال: حضور مقدس چولہ دیکھنے کے لئے ڈیرہ بابا نانک کب تشریف لے گئے۔

جواب: 30 ستمبر 1895ء کو۔

سوال: حضور کی کتابیں ست بچن اور آریہ دھرم کب شائع ہوئیں۔

جواب: نومبر 1895ء میں۔

سوال: حضور نے ناموس مصطفیٰ ؐ اور مذہبی مباحثات میں امن کے قیام کے لئے دو تجاویز کب پیش فرمائیں۔

جواب: 20 دسمبر 1895ء کو۔

سوال: حضور کی پیش کردہ تجاویز کیا تھیں۔

جواب: 1۔ کوئی فرقہ دوسرے فرقے پر ایسا اعتراض نہ کرے جو خود اس کی الہامی کتاب یا پیشوا پر ہوتا ہو۔
2۔ صرف انہیں کتابوں پر اعتراض کیا جائے جو فریق ثانی کے نزدیک مسلمہ ہوں۔

سوال: حضرت میر ناصر نواب صاحب نے کب قادیان میں مستقل رہائش اختیار کر لی۔

جواب: دسمبر 1895ء میں۔

سوال: حضور نے ایک اشتہار کے ذریعے حکومت کو جمعہ کی تعطیل کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: یکم جنوری 1896ء کو۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

جلسہ یوم خلافت

مکرم خالد محمود صاحب صدر حلقہ واپڈا ٹاؤن لاہور لکھتے ہیں۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے حلقہ واپڈا ٹاؤن لاہور کو مورخہ 25 مئی 2008ء کو بعد نماز مغرب و عشاء بمقام ویلنشیا ٹاؤن لاہور جلسہ یوم خلافت منعقد کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔ اس بابرکت اجلاس کے مہمان خصوصی محترم بشارت احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ تھے۔ تلاوت قرآن کریم و نظم کے بعد مکرم منصور احمد صاحب چٹھہ مربی سلسلہ نے نظام خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔ دوسری تقریر مکرم شیخ مامون احمد صاحب نائب ناظم اصلاح وارشاد مجلس انصاراللہ ضلع لاہور نے برکات خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔ ایک نظم کے بعد مہمان خصوصی مکرم بشارت احمد محمود صاحب نے سو سالہ عہد خلافت میں خوف کے حالات اور نصرت خداوندی کا مفصل ذکر فرمایا۔ بعد ازاں خاکسار نے مہمان خصوصی اور دیگر احباب کا شکریہ کیا۔ کھانے اور دعا کے بعد یہ بابرکت تقریب تقریباً دس بجے رات اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس بابرکت تقریب میں 300 انصار، خدام، اطفال نے شرکت کی۔

سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری فرید احمد صاحب سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ بشریٰ رشید صاحبہ بیوہ مکرم چوہدری رشید احمد صاحب کچھ عرصہ بیمار رہنے کے بعد مورخہ 30 مئی 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں اسی روز شام ساڑھے چھ بجے آپ کی نماز جنازہ بیت الذکر نیو سول لائن سرگودھا میں مکرم وقار احمد خان صاحب امیر ضلع سرگودھا نے پڑھائی۔ آپ موصیہ تھیں جنازہ ربوہ لے جایا گیا۔ اسی روز نماز عشاء کے بعد مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے بیت مبارک میں آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی قبر تیار ہونے پر مکرم ضمیر احمد ندیم صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں دو بیٹے مکرم چوہدری فرید احمد صاحب، مکرم چوہدری نسیم احمد صاحب سرگودھا اور دو بیٹیاں مکرمہ نائلہ ناصر صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب بینک مینیجر یو بی ایل سرگودھا مکرمہ انیلہ رشید صاحبہ زوجہ مکرم ڈاکٹر عبدالولی صاحب نیو ملتان یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے قرب میں جگہ دے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم علیم الدین صاحب دار العلوم شرقی ہادی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری نواسی عزیزہ طوبیٰ سلام ان دنوں بخار اور دل کی تکلیف کے باعث سخت بیمار ہے حالت بہت خراب ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں مکمل شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

محترمہ بشریٰ نسیم صاحبہ لاہور لکھتی ہیں۔

میری چچی اہلیہ مکرم رشید احمد صاحب جوہر ٹاؤن لاہور شدید بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفائے کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی بھتیجی محترمہ نصرت عزیز صاحبہ سیکرٹری مال لجنہ ضلع لاہور بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم مرزا نصیر احمد صاحب ایڈووکیٹ سپریم کورٹ حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے داماد مکرم ناصر احمد صاحب ولد مکرم مرزا محمد اشرف صاحب کے گردے کا اس ہفتہ آپریشن ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپریشن کامیاب کرے اور شفاء کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

مکرم صفوان احمد صاحب ناظم اطفال حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے جوڑوں میں درد رہتا ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم چوہدری کامران احمد کاہلوں صاحب کارکن دفتر خدام الاحمدیہ پاکستان تحریر کرتے ہیں۔

میرے والد محترم چوہدری شریف احمد صاحب بعمر 80 سال کی ٹانگ کی ہڈی میں فریکچر ہو گیا ہے۔ کامیاب آپریشن ہونے کے بعد اب جو کھیو کلینک کراچی میں زیر علاج ہیں۔ کمزوری بہت ہے احباب جماعت سے ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

ملازمت کے مواقع

انوائرنمنٹ فری پولٹری فارم لاہور کے لئے ایڈمنسٹریٹر، سپروائزر، کک، ڈرائیور سیکیورٹی گارڈ اور جنریٹر آپریٹر درکار ہیں۔

اس کے علاوہ انہی کے آفس کیلئے فوری دو اکاؤنٹنٹ درکار ہیں۔ ایسے نوجوان جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں درج ذیل فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

مرزا نعمان احمد

موبائل: 0345-8402277

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے سب سے بڑے فرزند ارجمند

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کی سیرت وسوانح کے دلکش نقوش

مکرم میر انجم پرویز صاحب

اردو زبان کا وہ زبردست فلسفی، مضمون نگار اور بلند پایہ مصنف جو قریباً نصف صدی تک اردو کی ادبی دنیا پر چھایا رہا اور جس کے زمانہ میں اردو کا کوئی ادبی اور علمی رسالہ اپنی ابتداء نہیں کیا کرتا تھا اور نہ کرسکتا تھا جب تک اپنے قلمی معاونین کی فہرست میں بکمال امتیاز واختصاص وافتخار مرزا سلطان احمد مرحوم کا نام سرِلوح درج نہ کر لیتا ہو۔ (نیرنگ خیال جُوبلی نمبر، مئی، جون 1934ء)

﴿قسط اول﴾

سیدنا حضرت مسیح موعود ابھی پندرہ سولہ سال کی عمر کے ہی تھے جب آپ کی شادی اپنے ماموں مرزا جمعیت بیگ صاحب کی چھوٹی صاحبزادی حرمت بی بی صاحبہ سے ہوگئی۔ محترمہ حرمت بی بی صاحبہ سے آپ کے دو فرزند ہوئے حضرت مرزا سلطان احمد صاحب اور صاحبزادہ مرزا فضل احمد صاحب۔ اس مضمون میں ہم حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کے بارے میں تفصیل سے بیان کریں گے۔

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب اردو زبان کے ایک بلند پایہ مصنف اور عظیم المرتبہ مضمون نگار تھے۔ آپ کا قلم بہت رواں اور زبان نہایت شستہ اور اعلیٰ تھی۔ پچاس کے قریب آپ کی تصنیفات ہیں جو مختلف موضوعات اور متنوع معلومات پر مشتمل ہیں۔ یہ تصنیفات نہ صرف آپ کی زبان کی فصاحت و بلاغت پر دال ہیں بلکہ آپ کی وسعت علمی، بالغ نظری اور نکتہ آفرینی پر بھی شاہد ناطق ہیں۔ اس مضمون میں آپ کا تعارف، حالات زندگی اور آپ کے ناقابل فراموش علمی وادبی کارناموں کا تذکرہ ہوگا۔

مرزا سلطان احمد صاحب کی پیدائش 1853ء میں ہوئی۔ (تاریخ احمدیت جلد اول ص61)

آپ کے چھوٹے بھائی مرزا فضل احمد صاحب 1855ء میں پیدا ہوئے۔ (تاریخ احمدیت جلد اول ص61)

عین جوانی میں ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کی شادی اپنے ماموں مرزا علی شیر صاحب کی بیٹی سے ہوئی جس کا نام عزت بی بی تھا۔

مرزا فضل احمد صاحب کی کوئی اولاد نہ ہوئی۔

(سیرت المہدی جلد اول ص207)

ان کی دوسری شادی بیگم بی بی صاحبہ سے ہوئی جو کشمیر کی رہنے والی تھیں۔

(حیات النبی جلد اول ص53 طبع اول 7راکتوبر 915ء)

ان کی وفات کے بعد صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب ہی ان کی بیوہ کی سرپرستی کرتے رہے۔

(نیرنگ خیال جبلی نمبر۔ مئی جون 1934ء ص285)

مرزا فضل احمد صاحب کی شادی مرزا سلطان احمد صاحب سے کئی سال پہلے ہوئی تھی۔

(سیرت المہدی جلد اول ص206)

تعلیم

مرزا سلطان احمد صاحب نے آجکل کی اصطلاح میں جسے باقاعدہ یا سکول کی تعلیم کہا جاتا ہے۔ کوئی تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ اگر سکول ہی کی تعلیم کو تعلیم کہا جائے تو آپ صرف پرائمری پاس تھے۔ مگر یوں اگر تعلیم کے صحیح معنوں پر غور کیا جائے۔ تو آپ کی مشرقی طریق پر معقول تعلیم ہوئی تھی۔ اردو تو خیر آپ کی زبان ہی تھی۔ فارسی میں ادیبانہ شان تھی۔ یوں نہیں کہ عربی سے بیگانہ تھے۔ بلکہ اس زبان کی اَدبیات پر بھی عبور تھا۔ انگریزی زبان سے بھی ضروریات زمانہ کے لحاظ سے بہت تک واقف تھے۔

(نیرنگ خیال جبلی نمبر۔ مئی جون 1934ء ص285)

بچپن میں آپ نے اپنے والد ماجد یعنی حضرت مسیح موعود سے بھی چند کتب سبقاً پڑھی تھیں۔ جن میں تاریخ فرشتہ، نحو میر اور گلستان و بوستان شامل ہیں۔ آپ خود بیان کرتے ہیں کہ والد صاحب پچھلا پڑھا ہوا سبق بھی سنا کرتے تھے مگر پڑھنے کے متعلق مجھ پر کبھی ناراض نہیں ہوئے، حالانکہ میں پڑھنے میں بے پرواہ تھا۔ لیکن آخر دادا صاحب نے مجھے والد صاحب سے پڑھنے سے روک دیا اور کہا کہ میں نے سب کو مُلّاں نہیں بنا دینا۔ تم مجھ سے پڑھا کرو۔ مگر ویسے دادا صاحب والد صاحب کی بڑی قدر کرتے تھے۔

(سیرت المہدی حصہ اول ص198,197)

1884ء میں آپ نے تحصیلداری کا امتحان دیا۔ اس موقع پر آپ نے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں دعا کے لئے ایک رقعہ لکھ کر بھیجا۔ آپ نے وہ رقعہ پھینک دیا اور فرمایا "ہمیشہ دنیاداری ہی کے طالب ہوتے ہیں۔" (سیرت المہدی حصہ اول ص205)

اسی وقت یہ الہام ہوا "پاس ہو جائے گا"۔

(اخبار الفضل قادیان 4راگست 1931ء)

جس آدمی کے ہاتھ یہ رقعہ بھیجا گیا تھا اس نے صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کو آکر سارا واقعہ بتا دیا۔ چنانچہ اسی طرح ہوا اور آپ امتحان میں پاس ہو گئے۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص205)

حضرت مسیح موعود نے ایک مکتوب میں اس واقعہ کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

"شاید عرصہ تین ماہ یا کچھ کم وبیش ہوا ہے۔ کہ اس عاجز کے فرزند نے ایک خط لکھ کر مجھ کو بھیجا۔ کہ جو میں نے امتحان تحصیل داری کا دیا ہے اس کی نسبت دعا کریں کہ پاس ہو جاوے اور بہت کچھ انکسار اور تذلل ظاہر کیا کہ ضرور دعا کریں۔ مجھ کو وہ خط پڑھ کر بجائے رحم کے غصہ آیا کہ اس شخص کو دنیا کے بارے میں کس قدر ہم اور غم ہے۔ چنانچہ اس عاجز نے وہ خط پڑھتے ہی یہ تمام تر نفرت وکراہت چاک کر دیا اور دل میں کہا کہ ایک دنیوی غرض اپنے مالک کے سامنے کیا پیش کروں۔ اس خط کے چاک کرتے ہی یہ الہام ہوا کہ (پاس ہو جاوے گا) چنانچہ وہ لڑکا پاس ہوگیا۔"

(الحکم 23ستمبر 1899ء ص2,1)

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب نے حیات احمد جلد دوم میں یہی واقعہ بیان کرنے کے بعد تحریر فرمایا:۔

"خداتعالیٰ کی شان کریمی کے قربان! مرزا سلطان احمد صاحب نے اس ایمان سے محرک ہو کر جو ان کو حضرت کی دعاؤں کی قبولیت پر تھا خط تحریر کیا۔ خداتعالیٰ نے ان کے حسن ظن کو ضائع نہ کیا اور حضرت مسیح موعود کا یہ مقام کہ دنیا کے اغراض کے لئے بیٹے کے واسطے بھی دعا پسند نہ کی۔ اللہ تعالیٰ کو باپ اور بیٹے کا یہ فعل پسند آیا اور نماز میں آپ کو بشارت مل گئی کہ پاس ہو جائے گا۔ آپ نے مسکرا کر اس کو بیان کیا کہ ہم نے تو دعا نہیں کی مگر خداتعالیٰ نے کامیابی کی بشارت دے دی چنانچہ اسی کے موافق وہ پاس ہوگئے اور ان کی ترقیات کا سلسلہ جاری ہوگیا۔"

(حیات احمد جلد دوم حصہ سوم ص113)

ای اے سی کا امتحان

مشہور صحافی حضرت سید شفیع احمد صاحب محقق دہلوی کی ایک قدیم روایت کے مطابق حضرت مرزا سلطان احمد صاحب جب ای اے سی کا امتحان دینے کے لئے قادیان سے لاہور تشریف لے گئے تو دوسرے امیدواروں نے آپ کا خوب مذاق اڑایا کہ ان کو بھی امتحان کا شوق چرایا ہے۔ گویا یہ تاثر قائم کیا کہ آپ کی کامیابی سراسر محال ہے یہ سن کر آپ نے دل میں کہا کہ میں حضرت والد صاحب کی خدمت میں دعا کی۔ درخواست کر کے آیا ہوں اور آپ نے دعا کا وعدہ بھی کیا ہے خدا کرے کہ میں کامیاب ہو جاؤں۔ انہی خیالات کے ہجوم میں آپ سو گئے اور قریباً چار بجے صبح خواب دیکھا کہ حضرت صاحب تشریف لائے اور آپ کا ہاتھ پکڑ کر کرسی پر بٹھا دیا۔ اس خواب کی آپ نے یہ تعبیر فرمائی کہ میں ضرور کامیاب ہو جاؤں گا اور یہی بات آپ نے تحدی کے ساتھ مذاق اڑانے والوں سے بھی کہہ ڈالی چنانچہ آپ بفضلہ تعالیٰ کامیاب ہوگئے۔

(سیرت المہدی جلد سوم ص235)

علم طب

علم طب آپ کا خاندانی علم تھا۔ آپ کے باپ دادا علم طب میں خاصی دسترس رکھتے تھے اور ہمیشہ مفت علاج کرتے تھے۔ حضرت مرزا سلطان احمد صاحب نے بھی طب پڑھی تھی، لیکن اسے بطور پیشہ اختیار نہیں فرمایا۔ حضرت مسیح موعود اپنی اولاد کو علم طب پڑھنے کی بطور خاص تاکید فرمایا کرتے تھے۔

(سیرت المہدی جلد اول ص35)

نیرنگ خیال جبلی نمبر کی مئی و جون 1934ء کی اشاعت میں آپ کے حصول تعلیم کی مزید تفصیلات بیان ہوئی ہیں، جن کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کچھ دنوں تک دیوبند میں بھی پڑھتے رہے اور دیوبند ہی سے نکل کر گھر والوں کی اطلاع کے بغیر آپ نے سرکاری نوکری بھی کر لی تھی۔ دہلی میں بھی اسی سلسلہ حصول تعلیم میں آپ کا قیام رہا۔ 1899ء میں جب آپ پہلی بار بسلسلہ ملازمت لاہور وارد ہوئے ان دنوں میں آپ نے حصول تعلیم کے بارہ میں کہا تھا کہ آپ نے شاہی طریقہ سے تعلیم نہیں پائی بلکہ طالب علمی کی ہے۔ آپ دہلی کی کسی مسجد میں رہتے تھے اور تعلیم پاتے تھے۔

(نیرنگ خیال جبلی نمبر مئی جون 1934ء ص286-285)

حضرت صاحبزادہ صاحب کو بچپن ہی سے مطالعہ اور کتب بینی کا بے حد شوق تھا۔ آپ کی ایک روایت ہے کہ دادا صاحب کی ایک لائبریری تھی جو بڑے بڑے پٹاروں میں رہتی تھی اور اس میں بعض کتابیں ہمارے خاندان کی تاریخ کے متعلق بھی تھیں۔ میری عادت تھی کہ میں دادا صاحب اور والد صاحب کی کتابیں وغیرہ چوری نکال کر لے جایا کرتا تھا۔ چنانچہ والد صاحب اور دادا صاحب بعض وقت کہا کرتے تھے کہ ہماری کتابوں کو یہ ایک چوہا لگ گیا ہے۔

(سیرت المہدی حصہ اول ص213)

بچپن کے بعض واقعات

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کے والد محترم یعنی حضرت مسیح موعود دن رات دینی کاموں میں مصروف رہتے۔ عبادات، قرآن کریم کا مطالعہ اور دوسری دینی خدمات آپ کا اوڑھنا بچھونا تھیں اور آپ کی خواہش تھی کہ آپ کی ساری اولاد اپنی تمام تر توانائیں دین کی خدمت میں صرف کرے۔ حضرت صاحبزادہ صاحب نے ہر چند اپنی ساری زندگی نہایت شرافت اور دیانتداری کے ساتھ بسر کی اور اپنے والد محترم کی سچے دل سے عزت کرتے تھے اور شروع سے ان کی سچائی اور بزرگی کے قائل تھے، لیکن دین کے معاملہ

میں آپ کو اس قدر شوق اور شغف نہیں تھا جو حضرت مسیح موعود کی خواہش تھی۔ آپ نے خود لکھا کہ میرے والد صاحب میری بعض کمزوریوں کی وجہ سے میرے فائدے کے لئے مجھ پر ناراض بھی ہوئے اور میں صدق دل سے اعتراف کرتا ہوں کہ ان کی ناراضگی واجبی اور حق تھی۔

(الفضل 4 جنوری 1929ء)

سیرت المہدی میں حضرت مولوی رحیم بخش صاحب بعدۂ حضرت مولانا عبدالرحیم درد ایم اے سے روایت ہے کہ میں نے حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب سے دریافت کیا کہ کیا حضرت صاحب کبھی کسی پر ناراض بھی ہوتے تھے؟ مرزا صاحب نے جواب دیا کہ ان کی ناراضگی بھی صرف دینی معاملات میں ہوتی تھی۔ بعض اوقات مجھے نماز کے لئے کہا کرتے تھے مگر میں نماز کے پاس تک نہ جاتا تھا۔

(سیرت المہدی جلد اول ص 200)

حضرت مسیح موعود کو چونکہ دنیاوی اموال اور جائیدادوں سے کوئی غرض نہ تھی اور ابتداء سے آپ دنیا کے جھگڑوں سے قطعاً بیزار اور لاتعلق تھے اس لئے کاروبار اور جائیداد کے سب انتظامات آپ کے بڑے بھائی مرزا غلام قادر صاحب کے ہاتھ میں تھے۔ چنانچہ حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب اپنی ضروریات اور اخراجات کے لئے اپنے تایا مرزا غلام قادر صاحب کی طرف ہی رجوع کرتے تھے اور اپنے والد صاحب سے زیادہ ان سے آپ کا تعلق تھا۔ وہ بھی آپ کو بیٹوں کی طرح رکھتے تھے آپ خود روایت کرتے ہیں کہ

والد صاحب کے ہمارے ساتھ بہت کم تعلقات تھے۔ یعنی میل جول کم تھا.......... اور چونکہ تایا صاحب مجھے بیٹوں کی طرح رکھتے تھے اور جائیداد وغیرہ بھی سب انہی کے انتظام میں تھی۔ والد صاحب کا کچھ دخل نہ تھا اس لئے بھی ہمیں اپنی ضروریات کے لئے تایا صاحب کے ساتھ تعلق رکھنا پڑتا تھا۔

(سیرت المہدی جلد اول ص 202)

صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کی توجہات، باوجود اپنی خاندانی شرافت و نجابت سے حصہ پانے کے، دنیاوی ترقیات حاصل کرنے کی طرف تھیں اور آپ کے والد بزرگوار خالصۃً خدا خواہی اور دینی مہمات میں مشغول تھے اس لئے طبعاً باپ بیٹے میں ایک حجاب بیگانگی حائل ہو گیا تھا۔

جائیداد

9 جولائی 1883ء کو جب مرزا سلطان احمد صاحب کے تایا مرزا غلام قادر صاحب لاولد فوت ہو گئے تو آپ کی تائی حرمت بی بی صاحبہ حضرت مسیح موعود کے پاس آئیں اور آپ سے التجا کی مرزا غلام قادر کی جائیداد مرزا سلطان احمد کے نام بطور متبنّٰی کرا دیں۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود نے اپنی بھاوج کی خوشی اور دلداری کی خاطر مرزا غلام قادر صاحب کی تمام جائیداد مرزا سلطان احمد صاحب کے نام داخل خارج کرا دی اور اپنے نام نہیں کرائی۔

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ میں نے والدہ صاحبہ سے پوچھا کہ حضرت صاحب نے متبنّٰی کی صورت کس طرح منظور فرمالی؟ والدہ صاحبہ نے فرمایا: یہ تو یونہی ایک بات تھی ورنہ وفات کے بعد متبنّٰی کیسا۔

(سیرت المہدی جلد اول ص 16-17)

شادی اور اولاد

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی برات اسی دن گئی تھی جس دن حضرت مسیح موعود دوسری شادی کے لئے دلی تشریف لے گئے تھے۔

(تاریخ احمدیت جلد اول ص 290)

حضرت مسیح موعود کی شادی حضرت اماں جان سے نومبر 1884ء کو بروز سوموار ہوئی تھی۔

(سیرت المہدی جلد اول ص 44)

پس حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی شادی کی تاریخ بھی یہی بنتی ہے اس کی تصدیق حضرت اماں جان کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جسے مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے نے سیرت المہدی جلد اول میں رقم فرمایا۔ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

''بیان کیا مجھ سے والدہ صاحبہ نے کہ جس دن میں قادیان بیاہی ہوئی پہنچی تھی اسی دن مجھ سے چند گھنٹے قبل مرزا سلطان احمد اپنی پہلی بیوی یعنے عزیز احمد کی والدہ کو لے کر قادیان پہنچے تھے اور عزیز احمد کی والدہ مجھ سے کچھ بڑی معلوم ہوتی تھی اور والدہ صاحبہ نے بیان کیا کہ فضل احمد کی شادی مرزا سلطان احمد سے بھی کئی سال پہلے ہو چکی تھی۔''

(سیرت المہدی جلد اول ص 206)

حضرت اماں جان سے روایت ہے۔

مرزا سلطان احمد کی پہلی بیوی ایمہ ضلع ہوشیارپور کی رہنے والی تھی اور حضرت صاحب اس کو اچھا جانتے تھے مرزا سلطان احمد نے اسی بیوی کی زندگی میں ہی مرزا امام الدین کی لڑکی خورشید بیگم سے نکاح ثانی کر لیا تھا اس کے بعد عزیز احمد کی والدہ جلد ہی فوت ہو گئی۔

(سیرت المہدی جلد اول ص 207)

اولاد

صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اولاد نرینہ سے نوازا۔ آپ کے فرزند ارجمند حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب کا مختصر تعارف پیش خدمت ہے۔

حضرت صاحبزادہ صاحب 3/ اکتوبر 1890ء کو پیدا ہوئے۔ تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان میں ابتدائی تعلیم پائی جس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے علی گڑھ تشریف لے گئے۔ آپ لمبے عرصے تک ایک محنتی فرض شناس اور دیانتدار افسر کی حیثیت سے سرکاری ملازمت میں رہے اور بالآخر 1945ء میں اے ڈی ایم کے اعلیٰ عہدہ سے ریٹائر ہوئے اس کے بعد بقیہ ساری زندگی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی خدمت کے لئے وقف رکھی قیام پاکستان اور ہجرت کے بعد 16 جولائی 1949ء کو حضرت مصلح موعود نے آپ کو صدر انجمن احمدیہ پاکستان کا ناظر اعلیٰ مقرر فرمایا۔ اس عہدہ پر آپ 3/ اکتوبر اپریل 1971ء تک فائز رہے۔ پہلی بیوی کے انتقال کے بعد مارچ 1930ء میں آپ کی شادی حضرت میر محمد اسحاق صاحب کی صاحبزادی محترمہ نصیرہ بیگم سے ہوئی جن کے بطن سے اللہ تعالیٰ نے پانچ صاحبزادیاں اور دو صاحبزادے عطا فرمائے۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 28 جنوری 1973ء)

آپ کے دونوں صاحبزادے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد سلسلہ احمدیہ کی خدمت کر رہے ہیں اور واقف زندگی ہیں یعنی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ایم اے ناظر اعلیٰ و صدر صدر انجمن احمدیہ اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان و صدر مجلس انصار اللہ پاکستان۔

آپ کی چار صاحبزادیاں شادی شدہ ہیں۔ محترم صاحبزادہ مرزا ظفر احمد صاحب (ابن حضرت مرزا شریف احمد صاحب، محترم سید احمد صاحب (ابن حضرت میر محمد اسماعیل صاحب) محترم ملک فاروق احمد (ابن محترم ملک عمر علی صاحب آف ملتان) اور محترم مرزا ادریس احمد صاحب (ابن محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب) آپ کے داماد ہیں۔

حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب کا وجود باوجود اپنے نہایت اعلیٰ اوصاف اور اہم دینی خدمات کے علاوہ اس لحاظ سے بھی اللہ تعالیٰ کا ایک نشان تھا۔ کہ حضرت مسیح موعود کو بذریعہ خواب آپ کے قبول احمدیت کا نظارہ دکھایا گیا تھا جو کہ حیرت انگیز رنگ میں پورا ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے والد بزرگوار سے پہلے یعنی 1906ء میں حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت کرنے کا شرف حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ بیعت سے سات برس قبل 20/ اکتوبر 1899ء کو حضور کو یہ خواب دکھایا گیا کہ:۔

''ایک لڑکا ہے جس کا نام عزیز احمد ہے اور اس کے باپ کے نام کے سر پر سلطان کا لفظ ہے۔ وہ لڑکا پکڑ کر میرے پاس لایا گیا اور میرے سامنے بٹھایا گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ ایک پتلا سا لڑکا گورے رنگ کا ہے۔''

(ضمیمہ تریاق القلوب۔ روحانی خزائن جلد 15 ص 505)

سو اس خواب کے عین مطابق آپ کو حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت کرنے اور رفقاء میں شامل ہونے کا خصوصی فخر حاصل ہوا۔''

الہام حضرت مرزا سلطان احمد صاحب

مکرم مولوی برکات احمد صاحب راجیکی قادیان بیان کرتے ہیں کہ حضرت منشی احمد ظفر احمد صاحب نے بیان فرمایا کہ جب سیدنا حضرت مسیح موعود کا وصال ہوا تو لاہور سے بذریعہ تار کپورتھلہ کی جماعت کو اطلاع پہنچی۔ ہم سب احباب جماعت صدمہ رسیدہ دلوں کے ساتھ قادیان کی طرف روانہ ہوئے۔ جب ہم امرتسر پہنچے تو ریلوے پلیٹ فارم پر حضرت مرزا سلطان احمد صاحب ابن سیدنا حضرت اقدس کو پُرآشوب اور بیقراری کی حالت میں ٹہلتے ہوئے دیکھا۔ حضرت مرزا صاحب ان دنوں جالندھر میں افسر مال تھے۔ اور اس وقت جالندھر سے روانہ ہو کر قادیان تشریف لے جا رہے تھے۔

ہم نے آگے بڑھ کر اظہار تعزیت و افسوس کیا جس کا آپ نے مناسب جواب دیا اور فرمایا کہ میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ گزرا ہے۔ ہمارے دریافت کرنے پر آپ نے بتایا کہ

''میں دورہ پر تھا اور جالندھر کے بعض نواحی دیہات میں گھوڑے پر جا رہا تھا۔ (حضرت مرزا صاحب اپنی ملازمت کے دوران میں عام طور پر صرف ایک دو اہلکاروں کو ساتھ لے کر دورہ پر نکلتے تھے۔ زیادہ عملہ کو ساتھ لے جانا رعایا پر بوجھ سمجھتے ہوئے ناپسند فرماتے تھے۔ ناقل) کہ اچانک مجھے زور سے یہ الہامی آواز سنائی دی:۔

'ماتم پرسی' ''اس آواز کے سنائی دینے کے ساتھ ہی مجھ پر شدید ہم و غم کی کیفیت طاری ہو گئی اور میری کمر بوجھ سے دب گئی۔ چونکہ میرا زیادہ تعلق تائی صاحبہ سے تھا۔ اس سے میرا ذہن سب سے پہلے انہی کی طرف منتقل ہوا کہ شاید ان کی وفات ہو گئی ہو۔ لیکن معاً بعد مجھے خیال پیدا ہوا کہ تائی صاحبہ کا مقام اللہ تعالیٰ کے حضور اتنا بلند نہیں کہ اللہ تعالیٰ خود ان کے لئے ماتم پرسی کرے، چنانچہ مجھے یقین ہو گیا کہ تائی صاحبہ نہیں۔ بلکہ حضرت والد ماجد (حضرت مسیح موعود) وفات پا گئے ہیں اور وہی علو مرتبت کے اعتبار سے یہ مقام رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے لئے اظہار تعزیت فرمائے۔

اس یقین کے پختہ ہونے میں گھوڑا تیز کر کے جالندھر شہر پہنچا اور سیدھا کچہری میں ڈپٹی کمشنر کے پاس جو انگریز تھا گیا اور اسے درخواست دی کہ میرے والد صاحب کا انتقال ہو گیا ہے۔ مجھے پانچ دن کی رخصت دی جائے۔ ڈپٹی کمشنر صاحب میری درخواست پڑھ کر کہنے لگے کہ آپ کے والد صاحب مشہور خلائق شخصیت تھے۔ ان کی علالت کی کوئی خبر یا اطلاع شائع نہیں ہوئی۔ کیا آپ کو تار ملا ہے کہ ان کی وفات اچانک ہو گئی ہے۔ میں نے جواباً کہا کہ مجھے تار وغیرہ تو کچھ نہیں ملا۔ لیکن مجھے الہام 'ماتم پرسی' ہوا ہے جس سے میں یقین کرتا ہوں کہ میرے والد صاحب وفات پا گئے ہیں۔

میری یہ بات سن کر ڈپٹی کمشنر صاحب ہنس پڑے اور کہنے لگے کہ الہام والہام کوئی چیز نہیں۔ یہ محض آپ کا وہم ہے۔ آپ کے والد خیریت سے ہیں کوئی فکر نہ کریں۔ پھر کہا میں رخصت دینے میں روک نہیں ڈالتا۔ اگر آپ چاہیں تو پانچ دن سے زیادہ رخصت لے لیں۔

باقی صفحہ 5 پر

جماعت احمدیہ گیمبیا کا
32واں جلسہ سالانہ

مکرم سید سعید الحسن صاحب نائب امیر مشنری انچارج گیمبیا

اللہ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ گیمبیا کا بتیسواں سالانہ جلسہ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ یہ جلسہ گیمبیا کا سب سے بڑا پروگرام ہوتا ہے۔اس جلسہ کی تیاری کئی ماہ پہلے سے شروع ہو جاتی ہے۔یہ اجلاسات اور تیاری جلسہ کا حصہ ہوتی ہے لیکن اس دفعہ صد سالہ خلافت جوبلی کی وجہ سے بات ہی کچھ اور تھی۔ہر کوئی خلافت کی نئی صدی کو خوش آمدید کہنے کے لئے بے تاب تھا۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت مکرم مولانا حیدر علی ظفر صاحب نائب امیر و مشنری انچارج جرمنی کو مرکزی نمائندہ مقرر فرمایا۔ خلافت کی نئی صدی کے جلسہ کی اہمیت کے تحت نیشنل عاملہ کے اراکین پر مشتمل ٹیم نے سارے ملک کا دورہ کیا اور جماعتوں کو جوبلی کی اہمیت بتائی۔

اس جلسہ کے لئے پہلی دفعہ مرکزی نظام اپنایا گیا اور افسر جلسہ سالانہ، افسر خدمت خلق، افسر جلسہ گاہ اور مختلف نظامتوں کا قیام عمل میں لایا گیا۔جلسہ میں شرکت کے لئے جماعت کا دعوت نامہ ٹی۔وی ریڈیو پر کئی دن پہلے سے شروع ہو چکا تھا۔ریڈیو نے آدھے گھنٹے کا پروگرام جلسہ سالانہ کے سلسلہ میں پیش کیا۔ اسی طرح اخبارات نے بھی بھرپور انداز میں جلسہ کے دعوت نامہ کو مشتہر کیا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی نمائندہ محترم مولانا حیدر علی ظفر صاحب جلسہ سے دو دن پہلے گیمبیا پہنچ گئے۔ان کے استقبال کے لئے بہت بڑی تعداد میں احباب جماعت ائرپورٹ گئے حالانکہ یہ صبح چار بجے کا وقت تھا گویا فجر کی نماز سے اڑھائی گھنٹے پہلے۔

جلسہ کے انتظامات کے معائنے کے لئے عصر کے وقت معزز مہمان امیر صاحب کے ساتھ جلسہ گاہ تشریف لے گئے۔ گیمبیا کا جلسہ سالانہ نصرت جہاں سکیم کے پہلے بابرکت سکول نصرت جہاں سینئر سیکنڈری سکول میں ہر سال منعقد ہوتا ہے۔جلسہ گاہ اور مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے بعض قیمتی مشوروں سے نوازا۔ معائنہ کے بعد مکرم حیدر علی صاحب نے تمام کارکنان سے خطاب کیا انہوں نے ڈیوٹی کے دوران نماز پڑھنے اور مہمانوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر بھی زور دیا۔

بدھ کے روز سے مہمانوں کی آمد ہو رہی تھی اور جمعرات کو ہر طرف مسیح موعود کے دیوانے نظر آ رہے تھے ان میں سپین، ہالینڈ، گنی بساؤ اور سینیگال کے وفود شامل تھے۔گنی بساؤ سے ایک بہت بڑا وفد جلسہ میں شمولیت کے لئے پہنچا۔

21 مارچ پہلا دن

مورخہ 21 مارچ 2008ء سے جلسہ کا باقاعدہ آغاز ہوا۔جلسہ گاہ میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ جمعہ سننے کا انتظام تھا جہاں سب نے خطبہ سنا۔

اس کے بعد خطبہ جمعہ میں محترم مولانا حیدر علی ظفر صاحب نے خلافت جوبلی کے پروگراموں کی طرف توجہ دلائی۔ جمعہ کے بعد لوائے احمدیت لہرانے کی تقریب ہوئی مکرم مولانا صاحب نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ لارڈ میئر بانجل MR.Samba fall نے گیمبیا کا پرچم لہرایا۔اس کے فوراً بعد نمائش کا افتتاح ہوا۔یہ نمائش ہر سال جلسہ سالانہ کے موقع لگائی جاتی ہے۔

پہلا اجلاس

عصر کے وقت پہلے سیشن کا آغاز مکرم مولانا حیدر علی ظفر صاحب کی زیر صدارت شروع ہوا۔اس سیشن میں مکرم Msanne Landing جو مذہبی امور کے مستقل سیکرٹری ہیں وائس پریذیڈنٹ کی نمائندگی میں تشریف لائے۔اسی طرح دارالحکومت بانجل کے لارڈ میئر Mr Samba Fall، مختلف علاقوں کے چیفس، الکالوز، امام اور ملک کی کئی معزز شخصیات شامل ہوئیں۔اسی طرح لیبیا کے سفارت خانہ کے نمائندہ بھی شریک ہوئے۔مکرم امیر صاحب نے معزز مہمانوں کا تعارف کروایا۔ امیر صاحب نے مولانا حیدر علی صاحب کو خوش آمدید کہا اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا شکریہ بھی ادا کیا جنہوں نے از راہ شفقت اپنے خصوصی نمائندہ کو بھجوایا۔انہوں نے آنے والے معزز مہمانوں کے لئے بھی خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد آنے والے مہمانوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

مکرم لارڈ میئر بانجل نے اپنے خطاب میں بتایا کہ یہ ان کے لئے اعزاز کی بات ہے جو جماعت نے انہیں اپنے سالانہ جلسہ میں بلایا۔انہوں نے جماعت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اس ملک میں مذہب کی پہچان احمدیت سے ہے۔احمدیت نے ہی ہمیں دین کی پہچان دی۔

لیبیا کے سفارت خانے کے نمائندہ نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ تمام انسان ایک اخوت کی لڑی میں ہیں اس لئے سب سے مقدم یہ بات ہے کہ ہم سب پیار و محبت سے رہیں اور ایک دوسرے کا احترام کریں۔

محترم مولانا حیدر علی ظفر صاحب نے اپنے افتتاحی خطاب میں جلسہ سالانہ کا آغاز اور اس کی غرض و غایت پر روشنی ڈالی دعا کے ساتھ یہ پہلا اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

دوسرا اجلاس

جلسہ کا دوسرا اجلاس خاکسار کی زیر صدارت مغرب و عشاء کی نمازوں کے بعد شروع ہوا۔اس اجلاس میں سوال و جواب کا سلسلہ رکھا گیا۔ ہمیشہ کی طرح یہ پروگرام بہت دلچسپ تھا۔احمدی اور غیر احمدی احباب نے سوالات پوچھے اور جماعت کے علماء کے ایک گروپ نے جوابات دیئے۔

22 مارچ دوسرا دن

اگلے دن کا آغاز نماز تہجد باجماعت سے ہوا۔نماز فجر کے بعد درس القرآن کریم ہوا۔آج کے دن پہلا اجلاس مکرم ممو جہ تراولے نائب امیر اول کی زیر صدارت ہوا اجلاس میں دو تقاریر ہوئیں۔پہلی تقریر کا عنوان حضرت محمد ﷺ تھا۔جو خاکسار نے کی۔

دوسری تقریر خلافت اور اس کی برکات کے عنوان پر تھی جو کیمو سونکو سابق صدر خدام الاحمدیہ گیمبیا نے کی۔ اس تقریر میں انہوں نے خلافت کی اہمیت و برکات کو خلفائے سلسلہ کی تحریرات کی روشنی میں واضح کیا۔

دوسرا اجلاس

دوسرے اجلاس میں خلافت احمدیہ اور نظام نو، خلافت احمدیہ کی دوسری صدی اور ہماری ذمہ داریاں کو موضوع سخن بنایا گیا۔مقررین میں سے مکرم مولانا محمود احمد طاہر صاحب نے آیت استخلاف کا حوالہ دے کر نئی صدی کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔

23 مارچ تیسرا دن

چونکہ جلسے کا تیسرا دن یوم مسیح موعود سے تعلق رکھتا تھا اس لئے تمام تقاریر اسی موضوع پر ہوئیں۔ان میں صداقت مسیح موعود، حضرت مسیح موعود کے متعلق پیشگوئیاں اور حضرت مسیح موعود کی زندگی کے اہم واقعات شامل ہیں۔اپنے اختتامی خطاب میں مکرم حیدر علی ظفر صاحب نے بیعت کے متعلق بتایا کہ بیعت کس بات کا نام ہے۔اللہ کے فضل سے اس دفعہ حاضری غیر معمولی رہی اور چھ ہزار سے زائد افراد اس جلسہ میں شریک ہوئے۔ دوران جلسہ دو افراد کو احمدیت قبول کرنے کی بھی توفیق ملی۔

دعا سے پہلے مکرم امیر صاحب نے تمام کارکنان کا شکریہ ادا کیا اسی طرح آنے والے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور پھر سب سے زیادہ حضور ایدہ اللہ کا جنہوں نے اپنا خصوصی نمائندہ بھجوایا۔آخر پر مکرم حیدر علی ظفر صاحب نے دعا کروائی۔جلسہ کے تینوں دن تہجد باجماعت کا التزام رہا۔اسی طرح درس القرآن، درس الحدیث اور ملفوظات کا اہتمام کیا گیا۔

میڈیا میں کوریج

جلسہ کو اخبارات نے غیر معمولی کوریج دی۔تمام قابل ذکر اخبارات نے باتصویر خبریں دیں۔نیشنل ریڈیو اور کئی پرائیویٹ سٹیشنز نے بھی جلسہ کی کارروائی نشر کی۔اسی طرح نیشنل ٹیلی ویژن جسے جی۔آر۔ٹی۔ ایس کہا جاتا ہے نے اپنے خبر نامہ میں جلسہ کو کوریج دی۔قارئین کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جماعت کو اپنے فضلوں سے نوازے اور جماعت دن بدن ترقی کی شاہراہ پر چلتی رہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 25 اپریل 2008ء)

✿✿✿✿✿✿

(بقیہ از صفحہ 4)

"چونکہ اس وقت مجھے غم اور تشویش تھی اور میں جلد قادیان پہنچنا چاہتا تھا۔اس لئے میں نے مسئلہ الہام وغیرہ پر بحث کو طول دینا مناسب نہ سمجھا اور رخصت لے کر رخت سفر باندھنے کے لئے اپنی رہائش گاہ پر آیا۔ ابھی میں بستر وغیرہ تیار کر رہا تھا کہ لاہور سے مرسلہ تار آ گیا۔جس میں لکھا تھا کہ حضرت مسیح موعود لاہور میں وفات پا گئے ہیں۔جنازہ قادیان لے جایا جا رہا ہے۔ قادیان پہنچیں۔

میں نے جب تار پڑھا تو یہ خیال کر کے کہ یہ انگریز الہام کا منکر ہے اس پر حجت کر آؤں۔دوبارہ کچہری گیا اور ڈپٹی کمشنر صاحب کو تار دکھا کر کہا کہ آپ الہام کے منکر تھے۔لیجئے اب یہ تار کے ذریعہ سے بھی اس کی تصدیق ہو گئی ہے۔ڈپٹی کمشنر صاحب تار دیکھ کر حیرت زدہ ہو گئے اور منہ میں انگلی ڈال کر کہنے لگے کہ:

"یہ بات میری سمجھ سے بالا ہے"

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کا حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی زبان سے سنا ہوا مندرجہ بالا واقعہ جب میں نے حضرت مرزا عزیز احمد صاحب کی خدمت میں ذکر کیا۔تو آپ نے فرمایا کہ ہم نے بھی اپنے والد صاحب مرحوم سے یہ واقعہ سنا ہے۔اسی طرح محترمی شیخ محمد احمد صاحب ایڈووکیٹ ابن حضرت منشی صاحب نے بھی اس واقعہ کے متعلق حضرت منشی صاحب کی روایت کی تصدیق فرمائی۔

(رفقاء احمد جلد چہارم ص 230 تا 233 جدید ایڈیشن)

ASEAN۔آسیان

ایسوسی ایشن آف ساؤتھ ایسٹ ایشین نیشنز
Association of South East Asian Nations (ایشیا کے مشرقی جنوبی ممالک کی تنظیم)

قیام: 1967ء

ارکان: برونائی، برما، انڈونیشیا، لاؤس، ملائشیا، فلپائن، سنگاپور، تھائی لینڈ، ویت نام

مقاصد: معاشی، سماجی اور ثقافتی تعاون کا فروغ

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908ء-2008ء

جلسہ ہائے یوم خلافت ضلع اوکاڑہ

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908ء-2008ء کے سلسلہ میں 2008ء میں دنیا بھر میں جماعت احمدیہ تقریبات منارہی ہے۔ جماعتہائے احمدیہ ضلع اوکاڑہ نے مختلف تاریخوں میں اس تاریخ ساز دن کی یاد میں جلسہ جات اور پروگرام منعقد کئے۔ ان کی رپورٹس مکرم نعیم احمد ہاشمی صاحب صدر کمیٹی صد سالہ خلافت جوبلی ضلع اوکاڑہ نے بھجوائی ہیں۔ ان کو تاریخ کی ترتیب سے درج کیا جاتا ہے۔

22/GD

مورخہ 7 اپریل 2008ء کو 22/GD میں بعد نماز مغرب جلسہ یوم خلافت منایا گیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم مبشر احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ نے ہجرت لندن اور حفاظت الٰہی کے موضوع پر، مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی ضلع اوکاڑہ نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں کے عنوان پر اور مکرم رانا رحمان علی باسط صاحب نمائندہ امیر صاحب ضلع نے خلافت جوبلی کے تقاضے کے موضوع پر تقاریر کیں۔ حاضری 89 افراد تھی۔

میرک

جماعت احمدیہ میرک نے مورخہ 4 مئی 2008ء کو بعد نماز ظہر جلسہ یوم خلافت منایا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم میاں غلام رسول صاحب صدر جماعت میرک، مکرم کرنل ظفر علی صاحب اور مکرم مبشر احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ نے تقاریر کیں۔ حاضری 20 افراد تھی۔

ایل پلاٹ فوجیاں

جماعت احمدیہ ایل پلاٹ فوجیاں نے مورخہ 9 مئی 2008ء کو بعد نماز جمعہ جلسہ یوم خلافت منایا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم وسیم احمد چوہدری صاحب معلم وقف جدید نے برکات خلافت کے موضوع پر، مکرم مبارک احمد صاحب ضلعی نمائندہ نے خلافت کی ضرورت و اہمیت کے موضوع پر اور مکرم منور احمد طارق صاحب صدر جماعت ایل پلاٹ فوجیاں نے جوبلی اور ہماری ذمہ داریاں کے موضوع پر تقریر کی۔ حاضری 59 افراد تھی۔

52/2L

جماعت 52/2L نے مورخہ 9 مئی 2008ء کو بعد نماز جمعہ جلسہ یوم خلافت کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم طاہر سعید صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد ضلع اوکاڑہ نے نظام وصیت کی برکات کے موضوع پر تقریر کی اس کے بعد مکرم ناصر احمد صاحب صدر جماعت 52/2L مکرم عبدالجلیل صاحب اور مکرم ظہیر احمد صاحب نے خلافت سے متعلقہ خلفاء سلسلہ کے اقتباسات سنائے۔ بعدازاں مکرم رضوان احمد طیب صاحب برکات خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔ حاضری 87 افراد تھی۔

32/2R

جماعت احمدیہ 32/2R نے مورخہ 9 مئی 2008ء کو نماز جمعہ سے قبل جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم رانا زاہد احمد صاحب قائد مجلس 32/2R مکرم رانا مسعود احمد صاحب صدر جماعت 32/2R اور مکرم عطاء الکریم صاحب نے خلافت کے موضوع پر خلفاء سلسلہ کے اقتباسات سنائے۔ بعدازاں مکرم محمد قاسم خان صاحب قائد ضلع اوکاڑہ نے خلافت کے موضوع پر اور مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی ضلع اوکاڑہ نے سیرت خلفاء سلسلہ کے موضوع پر تقریر کی۔ حاضری 42 افراد تھی۔

36/2L

جماعت احمدیہ 36/2L نے مورخہ 11 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم محمد داؤد ناصر صاحب مربی سلسلہ، مکرم رضوان احمد طیب صاحب معلم وقف جدید، مکرم مقصود احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ 36/2L، مکرم وحید احمد رفیق صاحب نمائندہ امیر صاحب ضلع اوکاڑہ اور مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی ضلع اوکاڑہ نے تقاریر کیں۔ حاضری 32 افراد تھی۔

حویلی لکھا

جماعت احمدیہ حلقہ حویلی لکھا نے جلسہ یوم خلافت مورخہ 15 مئی 2008ء کو بمقام نامہ جنڈیکا منعقد کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم میاں محمد یار صاحب، مکرم محمد آصف صاحب، مکرم انس احمد صاحب، مکرم محمد ایاز ناصر صاحب صدر جماعت حویلی لکھا، مکرم چوہدری نصیر الدین صاحب گجر نمائندہ امیر صاحب ضلع اوکاڑہ اور مکرم محمد داؤد ناصر صاحب مربی سلسلہ اوکاڑہ کینٹ نے تقاریر کیں۔ حاضری 31 افراد تھی۔

گوگیرہ

جماعت احمدیہ گوگیرہ نے مورخہ 16 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم میاں غلام مصطفی صاحب صدر جماعت گوگیرہ اور مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی ضلع اوکاڑہ نے تقاریر کیں۔ حاضری 31 افراد تھی۔

35P

جماعت احمدیہ 35P نے مورخہ 16 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم ڈاکٹر مختار احمد صاحب صدر جماعت 35P، مکرم جمال ناصر صاحب، مکرم محمد داؤد ناصر صاحب مربی سلسلہ اور مکرم میاں محمد یار صاحب نمائندہ امیر صاحب ضلع اوکاڑہ نے تقاریر کیں۔ حاضری 29 افراد تھی۔

34GD

جماعت احمد 34GD ینگ پور نے مورخہ 16 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم میاں غلام مصطفی صاحب نمائندہ امیر صاحب ضلع نے خلافت کی اہمیت اور جوبلی کے تقاضے کے عنوان پر اور مکرم مبشر احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ نے ہجرت لندن اور حفاظت الٰہی کے موضوع پر تقاریر کیں۔ حاضری 18 افراد تھی۔

اوکاڑہ کینٹ

